Text of Midday Urdu News Bulletin

Time 12:30 AM

Dated: 22 July 2026

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

یونٹی مال

سرکار نے جموں اور سرینگر شہروں میں ایک ایک یونٹی مال تعمیر کرنے کے منصوبے کو منظوری دی ہے۔اس منصوبے کی عمل آوری پر 225کروڑ روپے کی لاگت آئے گی۔وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اپنے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر لکھا ہے کہ ان پروجیکٹوں کی بدولت مقامی GI ٹیگ والی اشیاءکو مزید فروغ دینے کیلئے ایک دستکارونکو اپنی مصنوعات کی نمائش اور منظم پلیٹ فارم دستیاب ہوگا۔انہوں نے کہاہے کہ اس سے سیاحت کو فروغ ملنے کے علاوہ روزگار کے موقعے بھی پیدا ہوں گے۔

پارلیمنٹ

NEET پیپر لیک معاملے پر پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں اپوزیشن ممبران کے احتجاج کے بعد پارلیمنٹ کی آج کی کاروائی بھی دوپہر تک ملتوی کی گئی ہے۔

اجلاس

بھارت کی میزبانی مینبرکس ممالک کے وزرائے صحت کا تین روزہ اجلاس آج چنڈی گڑھ میں شروع ہوا۔اس اجلاس میں برکس ممالک کے وزرائے صحت اور صحت شعبے کے اعلیٰ حکام شرکت کرر ہے ہیں۔

بارش

جموں وکشمیر کے بیشتر علاقوں میں بارشوں کا سلسلہ ہنوز جاری ہے۔سرینگر اور آس پاس کے علاقوں میں آج صبح سے مسلسل بارشیں ہورہی ہیں جس کے نتیجے میں کئی علاقوں میں پانی جمع ہوگیا ہے۔اس صورتحال کے چلتے لوگوں کو عبور ومرور میں دقتیں پیش آرہی ہیں تاہم متعلقہ اداروں نے نشیبی علاقوں میں جمع شدہ پانی کی نکاسی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر کاروائی شروع کی ہے۔

ٹریفک

سرینگر جموں قومی شاہراہ کے کئی مقامات پر مسلسل بارشوں کے بعد پتھراور مٹی کے تودے گرآئے ہیں جس کے نتیجے میں شاہراہ پر ٹریفک کی نقل وحمل کو دونوں اطراف سے فی الحال معطل کیا گیاہے۔ایس ایس پی ٹریفک نیشنل ہائی وے راجا عادل حمید نے اس شاہراہ پر سفر کرنے والوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنا سفر شروع کرنے سے پہلے شاہراہ کی صورتحال کے بارے میں تفصیلات حاصل کریں اور اگر ضروری نہ ہو تو سفر کرنے سے گریز کریں۔

یاترا معطل

جموں وکشمیر کے بیشتر علاقوں میں کل رات سے بارشوں کا سلسلہ جاری ہے۔سرینگر اور آس پاس کے علاقوں میں آج صبح سے بھی مسلسل بارشیں ہورہی ہیں۔موسمی صورتحال کے تناظر میں شری امرناتھ جی یاترا آج چوتھے روز بھی معطل رکھی گئی ہے۔کولگام کے ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ جموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس اور پاس میں قائم ایک آشر میں 6ہزارکے قریب یاتری اس وقت قیام کررہے ہیں، تاہم کسی بھی یاتری کو آج وادی کی طرف آنے کی اجازت نہیں ہوگی۔یاترا کی بحالی کا فیصلہ موسم میں بہتری آنے کے بعد لیا جائے گا۔

رمیش کمار

جمونبھیم سین توتی نے پونچھ ضلعے میں بارشوں IGP جموں کے صوبائی کمشنر رمیش کمار اور کے بعد آئے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کرکے وہاں پیدا شدہ صورتحال کا جائزہ لیا۔انہوں نے سرنکوٹ تحصیل کے سنگلا علاقے میں سیلاب کی زدمیں آکر از جان ہوئے افراد کے لواحقین کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا۔اس دوران صوبائی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ بچاؤ اور بحالی کی کاروائیوں میں سرعت لاکر عوام کیلئے ضروری خدمات کی دستیابی کو یقینی بنائیں۔

بیداری پروگرام

وزارت آیوش اور شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسنر اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے اشتراک سے کرشی وگھیان کیندر شوپیان میں "کشمیر میں طبی پودوں کی کاشت کے مواقعے" کے موضوع کے حوالے سے ایک بیداری پروگرام منعقد کیا گیا۔پروگرام کے دوران طبی پودوں کے سیکٹرکے تحفظ ، کاشت اور کاروباری صلاحیتوں کو فروغ دینے کیلئے کی کوششوں کو مزید مستحکم کرنے پر زور دیاگیا۔

سکالر شپ

قبائلی امور محکمے نے تدریسی سال 2026-27کیلئے قبائلی طبقے سے تعلق رکھنے والے نویں اور دسوں جماعت کے طالب علموں سے پری میٹرک سکالر شپ کیلئے درخواستیں طلب کی پر جمع کرائی جاسکتی www.scholarships.gov.in ہیں۔یہ درخواستیننیشنل سکالر شپ پورٹل ہیں۔درخواستیں آج سے جمع کرائی جاسکتی ہیں اور اس کی آخری تاریخ 20ستمبر 2026مقررکی گئی ہے۔

فوڈ سیفٹی

فوڈ سیفٹی اینڈ سٹینڈارڈس ایکٹ 2026اور اس سے متعلق قواعد کی پاسداری کو یقینی بنانے کی غرض سے جموں وکشمیر کی فوڈ اینڈ ڈرگس ایڈمنسٹریشن نے وادی کے مختلف اضلاع میں غذائی تحفظ کے نفاذ اور نگرانی کی سرگرمیاں جاری رکھی ہیں۔اس سلسلے میں فوڈ بزنس آپریٹرس کے 121یونٹس کا معائنہ کیا گیا جس دوران اشیاءخورونوش کے 70 نمونے تجزیے ]کیلئے حاصل کئے گئے۔

شوپیاں اجلاس

سپریم کورٹ کے جج جسٹس وکرم ناتھ کی ہدایت کے مطابق ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی کمیٹی کا تیسرا اجلاس منعقد کیاپرنسپل ڈسٹرکٹ اینڈ Under Trial Review شوپیان نے ضلع میں سیشنز جج شوپیان محمود احمد چودھری کی سربراہی والے اس اجلاس میں رہائی کیلئے زیر غور قیدیوں کے معاملات کی شناخت اور اس سے متعلق دیگر معاملات پر غوروخوض کیا گیا۔

ڈوگرہ

ڈوگرہ روایت "رُت رادھے"کے بارے میں بیداری پیدا کرنے اور اس روایت کے احیاءنو کیلئے کمیشن کے اہتمام سے ایک تقریب منعقد ہوئی ۔یہ تقریب Resident نئی دلی میں جموں وکشمیر کے ڈوگرہ ویلفیئر ایسوسی ایشن اور جموں وکشمیر بنک کے اشتراک سے منعقدہوئی۔اس موقعے پر کمشنر انیل شرما نے کہا کہ رُت رادھے Resident اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ایڈیشنل محض ایک روایت نہیں بلکہ ڈوگرہ تہذیب کے شاندار ماضی کی عکاس بھی ہےتقریب میں ڈوگرہ ثقافت سے وابستہ کئی شخصیات نے شرکت کی۔

گاندربلDC

گاندر بل کے ضلع ترقیاتی کمشنر جتن کشور نے حضرت قمر الدینؒ کے عرس کے سلسلے میں کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ عرس کے احسن انعقاد کیلئے ہر ممکن سہولیات دستیاب رکھیں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

اجازت دیجئے ۔خداحافظ